# ضمیر / نیت

## 1. اپنا دِل ہمیشہ صاف رکھیں۔

1 پطرس 3 باب 15 تا 16 آیات: بلکہ مسیح کو خداوند جان کر اپنے دِلوں میں مقدس سمجھو اور جو کوئی تم سے تمہاری اُمید کی وجہ دریافت کرے اُسکو جواب دینے کیلئے ہر وقت مستعد رہو مگر حلم اور خوف کے ساتھ اور نیت بھی نیک رکھو تاکہ جن باتوں میں تمہاری بدگوئی ہوتی ہے اُن ہی میں وہ لوگ شرمندہ ہوں جو تمہارے مسیحی نیک چال چلن پر لعن طعن کرتے ہیں۔

## 2. آدمیوں اور خُدا کے حضُور اپنا دِل صاف رکھیں۔

اعمال 24 باب 16 آیت: اِسی لیے مَیں خود بھی کوشش میں رہتا ہوں کہ خُدا اور آدمیوں کے باب میں میرا دِل مجھے کبھی ملامت نہ کرے۔

## 3. ایمان کے بھید کو پاک دل میں رکھیں

1 تیمتھیس 3 باب 9 آیت: اور ایمان کے بھید کو پاک دِل میں حفاظت سے رکھیں۔

## 4. ریاکاری کے باعث دل داغا بھی جا سکتا ہے۔

1 تیمتھیس 4 باب 2 آیت: یہ اُن جھوٹے آدمیوں کی ریاکاری کے باعث ہو گا جن کا دل گویا گرم لوہے سے داغا گیا ہے۔

## 5. آپ اپنے ضمیر کو صاف اور مطمئین رکھ کر اپنے دِل کو پرُسکون رکھ سکتے ہیں۔

امثال 3 باب 21 تا 26 آیات: اَے میرے بیٹے! دانائی اور تمیز کی حفاظت کر۔ اُنکو اپنی آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دے۔ یوں وہ تیری جان کی حیات اور تیرے گلے کی زینت ہوں گی۔ تب تُو بے کھٹکے اپنے راستہ پر چلے گا اور تیرے پاؤں کو ٹھیس نہ لگے گی۔ جب تُو لیٹے گا تو خوف نہ کھائے گا۔ بلکہ تُو لیٹ جائے گا اور تیری نیند میٹھی ہو گی۔ ناگہانی دہشت سے خوف نہ کھانا اور نہ شریروں کی ہلاکت سے جب وہ آئے۔ کیونکہ خُداوند تیرا سہارا ہو گا اور تیرے پاؤں کو پھنس جانے سے محفوظ رکھے گا۔

## 6. یسوع مسیح ہمیں صاف دِل بخشے گا۔

عبرانیوں 9 باب 14 آیت: تو مسیح کا خون جس نے اپنے آپ کو ازلی رُوح کے وسیلہ سے خُدا کے سامنے بے عیب قربان کر دیا تمہارے دِلوں کو مُردہ کاموں سے کیوں نہ پاک کرے گا تاکہ زندہ خُدا کی عبادت کریں۔

## 7. خُدا ملامت زدہ دِل و ضمیر کو دھو سکتا ہے۔

عبرانیوں 10 باب 22 آیت: تو آؤ ہم سچے دِل اور پورے ایمان کے ساتھ اور دِل کے الزام کو دُور کرنے کے لیے دِلوں پر چھینٹے لے کر اور بدن کو صاف پانی سے دھلوا کر خُدا کے پاس چلیں۔



Calvary Chapel Evangelical Apologetics Society

©2019 All rights reserved!